13746- مسجد کے متولیوں میں دینی کوتاہیاں پائی جاتی ہیں کیا اس مسجد میں نماز ادا کرنا ترک کردی جائے ؟

سوال

ہماری کیمونٹی اکثر فیصلے مسجد کی کمیٹی کے ذمہ ہیں، لیکن کمیٹی کے بہت ہی کم ارکان کتاب وسنت اور شریعت پر عمل پیرا ہیں، میں شخصی طور پر جانتا ہوں کہ وہ کچھ معاصی کا بھی ارتکاب کرتے ہیں، اور اسی طرح وہاں آنے والی عورتیں صحیح پردہ بھی نہیں کرتیں، وہ مسجد میں بھی صرف اس وقت آتے ہیں جب میٹنگ ہو یا پھر جمعہ کے روز، تو کیا میں مسجد میں جاتا رہوں، یا کہ کسی نئی جگہ نماز کے لیے مسجد بنالوں ؟

پسندیدہ جواب

آپ مسجد میں جاتے رہیں، اور مسجد کی جماعت میں تفریق پیدا کرنے سے پرہیز کریں، اور اندر سے وعظ ونصیحت کے ذریعہ اصلاح کی کوشش کریں، اور کسی حرام کام میں پڑے بغیر اچھے تعلقات قائم کریں، اور ہوسکتا ہے آپ کی جانب سے نرمی کے ساتھ لکھی ہوئی تجاویز پیش کرنا حالات کو سدھارنے میں معاونت کرے۔

اور آپ امید رکھیں کہ مستقبل میں امور بہتر اور اچھے ہوجائیں، ہوسکتا ہے یہ کمیٹی یا اس کے بعض ارکان بدل جائیں، تو اسطرح دین پر زیادہ علم کرنے لگیں، صالح بن جائیں، اور ہوسکتا ہے ان میں آپ بھی شامل ہوں۔

ہم اللہ تعالی سے اپنے اور آپ کے لیے توفیق کے طلبگار ہیں۔

واللہ اعلم.